SCHOOL BASED ASSESSMENT 2022
GRADE 7 (Section-A)
URDU PART – B (Subjective Type)

School : GPS MEHAR BUZDAR (EMIS: 32130871)

Tehsil : KOT CHUTTA **District:** D.G. KHAN

General Instructions for Teachers : اساتذہ کے لیے عمومی ہدایات:

1. It is mandatory to use Rubrics for marking of papers for uniform marking throughout the Punjab.

۱۔ پیپر کی مارکنگ کے لیے روبررکس کا استعمال ضروری ہے تا کہ پورے پنجاب میں یکساں معیار کے ساتھ مارکنگ ہو سکے ۔

2. In case of any ambiguity, please consult rubrics manual, rubrics video or PEC trained LMT of your district.

۲۔ کسی ابہام کی صورت میں، آپ روبرکس مینوئل،روبرکس ویڈیو یا PEC کے ٹرینڈ کردہ اپنے ضلع کے LMT سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔

3. If a student writes anything other than that given in textbook or model answer of rubrics and if that is correct, please award him/her marks.

۳ ۔ اگر طالبعلم درسی کتاب یا روبرکس میں موجود ماڈل جواب کے علاوہ کچھ لکھتا ہے اور وہ درست ہے تو اسے اس کے نمبر دیے جائیں ۔

4. No marks will be given for irrelevant answer.

۴ ۔ غیر متعلقہ جواب کے کوئی نمبر نہیں دیے جائیں گے ۔

ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر1:

آیٹم روبرک (اردو) :

:نمونہ جواب

:تشریح

شعر ا۔شاعر طالب علموں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہتا ہے کہ میں تسلیم کرتا ہوں کہ سبق مشکل ہے اور اسے یاد کرنا بھی ایک مشکل کام ہے۔لیکن اس کا یہ مقصد ہرگز نہین ہونا چاہیے کہ سبق کو مشکل سمجھ کر یاد کرنا ہی چھوڑ دیا جائے۔

شعر ۲۔ شاعر طالب علموں کو یہ نصیحت بھی کرتا ہے کہ پریشانی اور بعد کا پچھتاوا جھیلنا سبق کے مشکل ہونے سے اور بھی زیادہ مشکل کام ہے۔لہذا ہر صفحہ کو باربار پڑھو اور پڑھتے رہو جب تک کہ یاد نہ ہو جائے۔اور سبق کو کبھی ادھورا مت چھوڑو۔

مارکنگ سکیم:اشعار کی تشریح : کل نمبر(08)			
پہلا اور دوسرا شعر:06نمبر	پہلے شعر کی جامع تشریح(شعر میں موجود پیغام کی وضاحت)کرنے پر:03نمبر دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر:03نمبر نوٹ: دونوں اشعار کی تشریح قطعہ بند شکل میں بھی ہو سکتی ہے،اس صورت میں 3 + 3 = 6 نمبر دیے جائیں۔	پہلے شعر کی جامع تشریح(شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) ادھوری کرنے پر01 تا 02 نمبر دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) ادھوری کرنے پر:01 تا 02 نمبر	پہلے شعر کی جامع تشریح(شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) بالکل غلط: 0 نمبر دوسرے شعر کی جامع تشریح(شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) بالکل غلط: 0 نمبر
گرائمر اور رموزِ اوقاف:02نمبر	افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال:02 نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کسی ایک کا استعمال درست ہوتو:$\frac{1}{2}$ تا$1\frac{1}{2}$ نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر

سوال نمبر2:

آیٹم روبرک (اردو) :

نمونہ جواب:

دو دوستوں نے جنگل کی سیر کا پروگرام بنایااور ایک دوسرے سے وعدہ کیا کہ ہم ایک دوسرے کو تنہا نہیں چھوڑیں گے بلکہ مشکل وقت میں ایک دوسرے کے کام آئیں گے،چنانچہ دونوں جنگل پہنچ گئے ،اچانک انہوں نے ایک شیر کو دیکھا جو ان کی طرف آرہا تھا،ایک دوست جلدی سے درخت پر چڑھ گیا ،دوسرے دوست کو درخت پر چڑھنا نہیں آتا تھااور وہ وہیں بے سدھ لیٹ گیا اور ظاہر کیا کہ وہ مر گیا ہے ،جب شیر اس کے قریب پہنچا تو اس دوست نے اپنی سانس روک لی ،شیر نے جب اسے سونگھا توسمجھاشاید یہ مر چکا ہے،(شیرکسی مردے کا شکار نہیں کرتا)چنانچہ شیر نے اسے چھوڑ دیا اور اپنی راہ لی،اتنے میں دوسرا دوست درخت سےنیچے آیااور اپنے دوست سے پوچھاکہ شیر تمہارے کان میں کیا کہہ رہا تھا ،دوسرے دوست نے کہا کہ اس نے کہا ہے ایسے دوست مت بناو جو مصیبت میں تنہا چھوڑ جائیں، دوست وہ ہوتے ہیں جو مصیبت میں کام آتے ہیں۔

نتیجہ: دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے۔

:روبرک

مارکنگ سکیم :کہانی لکھنا :	کل نمبر(10)		
کردار نگاری (2 نمبر)	کہانی میں تمام کردار اور ان کے اوصاف واضح ہوں : 02نمبر	کہانی میں تمام کردار اور ان کے اوصاف غیر واضح ہوں: 01 نمبر	کردار نگاری بالکل غلط ہو :0نمبر
ماحول کی عکاسی(2 نمبر)	اگر وقت اور مقام کا ذکرہو: 02 نمبر	اگر وقت یا مقام میں سے ایک لکھا ہو تو:01نمبر	وقت یا مقام دونوں غلط ہوں :0نمبر
پلاٹ(3 نمبر)	تمام واقعات کا بیان، جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: 03 نمبر	واقعات کا بیان،جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو: ان میں سے دو اجزا درست ہوں تو:02 نمبر اگر ایک جز درست ہو تو: 01 نمبر	واقعات کا بیان،جملوں کی ترتیب اور ساخت ،تینوں غلط ہوں :0نمبر
گرائمر،رموزِ اوقاف(2 نمبر)	افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال ہو: 02 نمبر	افعال اور علامات دونوںجزوی درست ہوں یا ان میں سے کئی ایک درست ہو: 01نمبر	افعال اور علامات دونوں غلط ہوں:0نمبر
نتیجہ(1 نمبر)	کہانی کا درست نتیجہ اخذ کرنا : 01 نمبر	کہانی کا نتیجہ جزوی درست ہو تو: $\frac{1}{2}$نمبر	نتیجہ بالکل غلط یا غیر متعلق ہو:0نمبر

سوال نمبر3:

آیٹم روبرک (اردو) :

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

جواب(الف) : درختوں کی بدولت فضائی آلودگی ختم ہوتی ہے ۔

جواب (ب) : درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرتے ہیں اور آکسیجن چھوڑتے ہیں جو انسانی سانس کے لیے بہت مفید ہے۔

جواب (ج) : سال میں دو بار شجرکاری مہم چلائی جاتی ہے۔

جواب (د) : درختوں کی لکڑی فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے اور جلانے کے کام آتی ہے۔

مارکنگ سکیم : عبارتی سوالات کے جوابات : کل نمبر(08)			
جزو(الف)02نمبر	عبارت کے مطابق درست جواب لکھے تو 02نمبر	جزوی جواب درست ہو $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل جواب غلط ہونے پر 0نمبر
جزو (ب)02نمبر	عبارت کے مطابق درست جواب لکھے تو 02نمبر	جزوی جواب درست ہو $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل جواب غلط ہونے پر 0نمبر
جزو (ج)02نمبر	عبارت کے مطابق درست جواب لکھے تو 02نمبر	جزوی جواب درست ہو $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل جواب غلط ہونے پر 0نمبر
جزو (د)02نمبر	عبارت کے مطابق درست جواب لکھے تو 02نمبر	جزوی جواب درست ہو $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل جواب غلط ہونے پر 0نمبر

سوال نمبر4:

آیٹم روبرک (اردو) :

!اُستاد محترم ذی وقار جناب خالد حسین صاحب
!السلام علیکم
میرے والد صاحب ایک طویل عرصہ بیمار رہنے کے بعد بفضل تعالیٰ صحت یاب ہوئے ہیں ۔اس سلسہ میں ایک دعائیہ تقریب بروز ہفتہ منعقد ہو رہی ہے۔اس دعائیہ تقریب کے موقع پر آپ کی شرکت میرے لیے عزت کا باعث ہو گی۔تشریف لا کر میری حوصلہ افزائی فرمائیں ۔
!پروگرام ان شااللہ
تاریخ ۱۶۔اکتوبر ۲۰۲۱ء
وقت شام ۴ بجے
مقام جامع مسجد ہڈالی
ملک صاحب خان
روبرکس

مارکنگ سکیم: دعوت نامہ(کل نمبر 8)			
ابتدائیہ : کل نمبر :02			
(الف) سرنامہ:01نمبر	اگر دعوت نامہ کا عنوان بالکل درست لکھے تو 01 نمبر	اگر دعوت نامے کا عنوان ادھورا لکھے تو:$\frac{1}{2}$نمبر	عنوان بالکل بھی نہ لکھے تو :0 نمبر
(ب) القاب:01نمبر	علامتِ ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں مثلاًمکرمی و محترمی اور السلام علیکم :01 نمبر	اگر القاب یا علامتِ ندائیہ دونوں میں سے ایک درست ہو تو:$\frac{1}{2}$نمبر	دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں:00 نمبر
نفسِ مضمون: 04 نمبر			
(الف) ربط مضمون:01نمبر	جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو:01 نمبر	اگر جملوں کی ساخت یا ترتیب دونوں میں سے ایک درست ہوتو:$\frac{1}{2}$نمبر	جملوں کی ترتیب اور ساخت دونوں غلط ہوں :00نمبر
(ب)توجیہات:0 2نمبر	توجیہات واضح ہوں :02 نمبر	اگر توجیہات غیر واضح ہوں:1 نمبر	توجیہات پیش نہ کرے یا غلط ہوں :0 نمبر
(ج)گرامر اور رموز اوقاف:01نمبر	افعال اور علامات دونوں کا استعمال درست ہو:01 نمبر	اگر افعال اور علامات جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے ایک کا استعمال درست ہوتو:$\frac{1}{2}$ نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں غلط ہوں :0 نمبر
خاتمہ : کل نمبر :02			
تعارف :01نمبر	اپنا نام وپتا درست لکھے تو 01 نمبر	اپنا نام یا پتا میں سے ایک لکھے تو:$\frac{1}{2}$نمبر	دونوں ہی نہ لکھے یابالکل غلط لکھے:0 نمبر
(ب) تاریخ:01نمبر	تاریخ کو صحیح لکھنا ۔ ۸فروری ۲۰۲۲ء ۸فروری۲۰۲۲ ۸-فروری۲۰۲۲ء 8فروری2022 8-فروری 2022 ء مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے(01 نمبر)	8 فروری ۲۰۲۲ء ۸-فروری 2022 ء فروری۲۰۲۲ء ۸فروری مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے($\frac{1}{2}$نمبر)	08/02/2022 08/02/2022 ۰۸/۰۲/۲۰۲۲ ۰۸-۰۲-۲۰۲۲ ۰۸۔۰۲۔۲۰۲۲وغیرہ طریقہ سے لکھے تو صفر0نمب

سوال نمبر5:

آیٹم روبرک (اردو) :

:نمونہ جواب

کمرا امتحان

۱۵۔مارچ ۲۰۲۲ء

!محترم پیارے ابا جان

!السلام علیکم

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ہم سب اللہ تعالیٰ سے ہر وقت آپ کی کیریت کے لیے دعاگو رہتے ہیں۔پچھلے خط میں آپ نےموسم بخار کا ذکر کیا تھا۔جس کی وجہ سے ہم بہت پریشان تھے کہ آپ کا بکار اُترا یا نہیں۔اب صحت پہلے سے بہتر ہے تو ٹھیک ہے ورنہ آپ کچھ دنوں کے لیےلاہور آ جائیں۔یہاں ماہر ڈاکٹر اور علاج کی بہترین سہولیات موجود ہین۔اپنی خیریت کے بارے مین جلد از جلد اطلاع دیں۔

والسلام

آپ کی بیٹی

کومل جماعت ہفتم

لاہور

بتدائیہ : 03نمبر	مارکنگ سکیم : خط لکھنا: کل نمبر (10)		
الف: مقام روانگی (01 نمبر)	کمرہ امتحان ،امتحانی مرکز،،سنٹر وغیرہ/شہر گاؤں وغیرہ کا نام : 01 نمبر	اگر جزوی درست لکھا ہو:صرف امتحان ،شہر،گاؤں لکا ہو:$\frac{1}{2}$نمبر	بالکل نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے:0نمبر
ب : تاریخ:01نمبر	تاریخ کو صحیح لکھنا : ۸فروری۲۰۲۲ء ۸فروری۲۰۲۲ ۸-فروری۲۰۲۲ء 8فروری2022 8-فروری 2022 ء مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے(01 نمبر)	8 فروری۲۰۲۲ء ۸-فروری 2022 ء فروری۲۰۲۲ء ۸فروری مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے($\frac{1}{2}$نمبر)	08/02/2022 08/02/2022 ۰۸/۰۲/۲۰۲۲ ۰۸-۰۲-۲۰۲۲ ۰۸۔۰۲۔۲۰۲۲وغیرہ طریقہ سے لکھے تو صفر0نمبر
القابات/طرز تخاطب (01نمبر)	علامت ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں مثلاً میرے پیارے بھائی ! وغیرہ 01 نمبر	اگر القاب یا علامت ندائیہ دونوں میں سے ایک درست ہو:$\frac{1}{2}$نمبر	القاب یا علامت ندائیہ دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں: 0نمبر
نفسِ مضمون: 05نمبر			
الف ؛ نفسِ مضمون(03نمبر)	خط کا نفسِ مضمون عام فہم ہو،جملوں کی ساخت درست ہو اور جملے باہم مربوط ہوں: 03نمبر	خط کا نفس مضمون عام فہم ہو جملوں کی ساخت ہو اور جملے مربوط ہوں: اگر دو اجزا درست ہوں: 02نمبر اگر ایک جز درست ہو: 01نمبر	تینوں اجزا بالکل غلط ہوں: 0نمبر
(ب)گرامر اور رموزِاوقاف(02نمبر)	افعال کا زمانے کے لحاظ سے استعمال درست ہواور رموزِ اوقاف کا درست استعمال ہو: 02نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 01نمبر	افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0نمبر
اختتامیہ: 02نمبر			
(الف) نام (01نمبر)	حروف ابجد (اب ج)/صرف طالب علم/ طالبہ/ نام (اسد/آمنہ وغیرہ)/ رول نمبر (۲۳/23) 01نمبر	حروف اے بی سی/حروف ۔ایکس ۔وائی۔زیڈ/ لکھے ہوں : $\frac{1}{2}$نمبر	بالکل غلط لکھا ہو : 0نمبر
(ب) پتا (01نمبر)	جماعت اور سکول کا نام/گھر کا پتا/پوسٹ بکس نمبر/کسی رشتہ دار یا دوست کا پتا وغیرہ : 01نمبر	حروف ابجد(اب ج)/ اے بی سی/حروف ۔ ایکس ۔وائی۔زیڈ/صرف جماعت /صرف سکول کا نام یا ادھورا پتا لکھا ہو:$\frac{1}{2}$نمبر	بالکل غلط لکھا ہو : 0نمبر

سوال نمبر6:

آیٹم روبرک (اردو) :

:نمونہ جواب

ابتدائیہ:

علم کے معنی ہیں جاننا اور آگاہ ہونا ہے ۔یہ انسانیت کا وہ وصف جو انسان کو دوسری مخلوقات سے الگ کرتا ہے اور فرش سے عرش تک پہنچاتا ہے ۔ علم جنت کا راستہ دکھاتا ہے اور جہنم سے دور کرتا ہے اندھیروں کی وادیوں سے نکال کر روشنی کے دنیا میں داخل کرتاہے۔علم تنہائی میں مونس ، سفر میں رفیق ، خلوت میں ساتھی ہے ۔

نفسِ مضمون:

علم وہ واحد نور ہے جس سے گمراہی اور جہالت دور ہوجاتی ہے۔علم ایک ایسا خزانہ ہے جس کی چوری کا کوئی خوف نہیں ہوتا اور استعمال سے کم بھی نہیں ہوتا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ و سلم

نے فرمایا: ”مہد سے لحد تک علم کی تلاش میں لگے رہو۔“

حقیقتاً علم ایک ایسی قوت ہے جو دنیا کی تمام تر قوتوں سے افضل ہےاور جس کے زوال کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔قدرت کے سر بستہ رازوں کا انکشاف علم ہی کی بدولت ہوا۔علم کی وجہ سے دنیا کی تمام وسعتیں آج کے انسان کے سامنے سمٹ گئیں ہیں۔دوریاں قربتوں میں بدل گئی ہیں۔انسان ہوا پر قابو پا چکا ہے ۔فضا میں پرواز کر سکتا ہے۔آج کا انسان خلا کی وسعتوں پر حاوی ہے۔چاند پر اپنی فتح کا جھنڈا گاڑ طکا ہے۔علم ہی کی بدولت وہ مظاہر قدرت جنھیں وہ پوجتا تھا۔آج اس کی خاک ِراہ ہیں۔علم ہی کا کرشمہ ہے کہ جس پر عمل کر کے آج ہم گھر بیٹھے دیگر ممالک کے حالات سنتے اور دیکھتے ہیں اور مزید معلومات حاصل کر رہے ہیں۔دنیا کی تمام تر ترقی علم پر منحصر ہے۔

اختتامیہ:

علم ہی دراصل ایک انسان کو انسانی صلاحیتوں سے نوازتا ہے۔جس کی بدولت انسان نیکی اور بدی میں تمیز کر سکتا ہے۔علم ہی وہ زریعہ ہے جس کی بدولت انسان دوسروں انسانوں پر سبقت لے جاتا ہے۔علم ایسا نور ہے جس سے جہالت اور گمراہی کی تاریکیاں دور ہو جاتی ہیں۔علم کی بدولت انسان کی چشم بصیرت روشن ہو جاتی ہےعلم سے ہی انسان کے اطوار شائستہ اور اخلاق پاکیزہ بن جاتے ہیں۔علم کے زریعے ہم نہ صرف اپنا مستقبل سنوار سکتے ہیں بلکہ اپنے خاندان اور ملک کا نام بھی روشن کر سکتے ہیں۔بقول علامہ اقبالؒ:

اُٹھ کہ اَب بزمِ جہاں کا اور ہی انداز ہے
مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے

مارکنگ سکیم :مضمون نویسی کل نمبر(10)			
پیراگراف01نمبر	مضمون پیراگراف کی صورت میں ہو:01نمبر	حروف ابجد/3،2،1وغیرہ کی صورت میں ہو:$\frac{1}{2}$ نمبر	جملے پیراگراف اور حروف ابجد میں نہ ہونتو:0نمبر
پلاٹ06نمبر	دو سو پچاس الفاظ پر مبنی: جملوں کی ساخت اورترتیب درست ہو: :06نمبر	دو سو پچاس الفاظ سے کم پر مبنی: جملے ساخت اورترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 05 نمبر دوسو الفاظ پر مبنی جملے ساخت اورترتیب کے لحاظ سےدرست ہوں۔ 04 نمبر سو الفاظ پر مبنی جملے ساخت اورترتیب کے لحاظ سے درست ہوں ۔ 03 نمبر تین تا پانچ جملے ساخت اورترتیب کے لحاظ سے درست ہوں تو: 02 نمبر صرف دو جملے ساخت کے لحاظ سے درست ہو : 01 نمبر	ساخت ترتیب کے لحاظ سے کوئی جملہ درست نہ ہو:0نمبر
تخیّل01نمبر	موضوع کے مطابق خیالات کا انتخاب 01نمبر	موضوع کے مطا بق ادھورے خیا لات: $\frac{1}{2}$ نمبر	غیرموزوں خیالات ؛0نمبر
گرامر اور رموزاوقاف 02نمبر	افعال اور علامات کے درست ہونے پر02نمبر	افعال اور علامات جزوی طور پر ٹھیک ہوں تو 1نمبر	افعال اور علامات کے درست نہ ہونے پر0نمبر

Copyright © 2021 pec.edu.pk All rights reserved.